23/03/2026 12:30 /PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں عارف حسین

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مو دی نے کہا ہے کہ مغربی ایشیاءکی محاذ آرائی ایک لگاتار اُبھرنے والی صورتحال ہے اور پوری دنیا اس سے کسی نے کسی شکل میں متاثر ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے حالات میں لڑائی کے اثرات سے لوگوں کو محفوظ رکھنے کےلئے بھر پور کوششیں کی جانی چاہئے۔

ان باتوں کا اظہار وزیر اعظم نے کل سکیورٹی سے متعلق کا بینہ کمیٹی کی میٹنگ کی صدارت کر نے کے دوران کیا۔

اس دوران میٹنگ میں ملک میں پیٹرولیم ، Crude Oil ، گیس ، بجلی اور کھاد کے شعبے کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا اور ملک بھر میں کسی رکاوٹ کے بغیر سپلائی کو یقینی بنانے پر توجہ مرکوز کی گئی ۔

میٹنگ میں وزیر داخلہ امت شاہ ، بچاو وزیر راج ناتھ سنگھ، وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن ، وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کے علاوہ متعلقہ وزارتونکے وزراءبھی موجود تھے ۔

واٹرڈے

وزیر اعظم نریندر مودی نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ پانی کے ہر قطرے کو محفوظ بنانے اور اس کے منصفانہ استعمال کے عہد کی تجدید کریں۔ ان باتوں کا اظہار انہوننے کل یوم آب کے موقعے پر ایک پیغام میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ پانی زندگی کی بقاءاور زمین کے مستقبل کے لیے نہایت اہم ہے۔وزیر اعظم نے پانی کے تحفظ کے لیے کام کرنے والوں کی کاوشوں کو بھی سراہا۔

LG

لوک بھون جموں میں کل بہار دیوس منایا گیا۔اس موقعے پر جمونو کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہانے بہار کے عظیم انقلابی اور بلند پایہ شخصیات کو خراج عقیدت پیش کیا۔ایک بھارت شریشٹھا بھارت کے جذبے کو مناتے ہوئے تقریب میںUT میں رہائش پذیر بہار کے لوگوں نے شرکت کی۔ لئے سرکاری افسران، طلباءاور

لیفٹیننٹ گورنر نے اس موقع پر بہار کے لوگوں کو مبارکباد دیکر اُن کے تئینیک خواہشات کا اظہار کیا ۔انہوں نے کہا چندرگپت موریہ اور چانکیہ کے دور سے لے کر آزادی کی تحریک تک، بہار"قوم کی ڈھال" اور ہندوستان کے اتحاد اور روحانی، ثقافتی، فکری و اقتصادی زندگی کا مرکز رہا ہے۔

منوج سنہا نے کہا وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں، ریاست اپنی قدیم شان کو دوبارہ حاصل کر رہی ہے اور ایک بار پھر جامع ترقی اور اختراع کے طور پر ابھر رہی ہے۔

ملاقات

شہید بھگت امرنا تھ اور جگن ناتھ چیرٹیبل ٹرسٹ کی ایک وفد نے چیرمین شری سریندر سنگھ بھگت کی سر براہی میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی اور کئی امورات ان کے ساتھ سیرحاصل گفتگو کی۔

شہیدی دِوس

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بھارت کے عظیم انقلابیوں بھگت سنگھ، سکھ دیو اور راج گرو کو شہیدی دِوس کے موقے پر مبارکباد دی ہے۔ ایک سو شل میڈیا پوسٹ میں انہوننے کہا ہے کہ اِن لوگوں قربانیاں ہمیں ایک مضبوط، خود انحصار اور وِکست بھارت تمیر کرنے کی تحریک دیتی ہیں۔

انہوننے کہا کہ قوم بھارت کے ان عظیم ہستیوں کی ہمیشہ مرحونِ منت رہے گی۔

خراج LG

دریں اثناءلیفٹنٹ گورنر نے مفکر اور سماجی انصاف کے علمبردار ڈاکٹر رام منوہر لوہیا کو ان کے جنم جینتی پر خراج عقیدت پیش کی ہے۔ ایک سو شل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے کہا کہ ڈاکٹر رام منوہر لوہیا نے اپنی ساری زند گی سماجی انصاف، پچھڑے طبقوں کی ترقی اور سماجی برابری کےلئے وقف کی تھی۔

پد یاترا

میرا یووا مائی بھارت" آج شہیدی دِوس کے سلسلے میں پد یاترا کا اہتمام کر رہا ہے، جو " میرا " بھارت میری ذمہ داری" کے مو ضوعات کے تحت منقد کی جا رہی ہے۔ یہ پد یاترا ملک کے

نوجوان مجاہدین آزادی بھگت سنگھ ، راج گرو اور سُکھ دیو کی قربانی کے تئیں خراج عقیدت ہو گا

یہ پد یاترا ملک کے763 ضلعوں میں ہو گی اور سب سے بڑی تقریب ہریانہ کے فرید آباد میں منعقد ہو رہی ہے جہاں10ہزار سے زیادہ نوجوانوں شرکت کریں گے۔

ریل

نوراتری کے موقع پر مُسا فروں کےلئے آرام دہ سفر اور بہتر سہولیات کو یقینی بنانے کی غرض سے شمالی ریل وے کے جموں ڈویژن کی جانب سے مختلف مہمات چلائی جارہی ہیں۔اس دوران اتوار کے روز کٹڑہ سے پٹھانکوٹ تک ریل سیکشن پر ایک خصوصی ٹکٹ چیکنگ مہم چلائی گئی۔

مہم کے دوران مختلف ٹرینوں اور اسٹیشنوں سے 249 مسافروں کو بغیر ٹکٹ کے سفر کر تے ہوئے پکڑا گیا اور اُن سے ایک لاکھ10ہزار روپے جرمانہ وصول کیا گیا۔

میٹرولوجی

آج موسمیات کا عالمی دن منایا جا رہا ہے۔ اس دن سال1950میں World Meteorological Organization کا قیام عمل میں لایا گیا تھا۔ یہ دن موسم کی پیشگوئی سے جڑے اداروں کی سرگرمیوں کی اہمیت کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کی غرض سے منایا جاتا ہے۔

جل جیون

ضلع انتظامیہ بانڈی پورہ نے کل عالمی یوم آب کے موقعے پر جل مہو تسو پکواڑہ کے آخری دن کے موقعے پر ایک تقریب منعقد کی، جس دوران جل جیون مشن کے تحت 8مارچ سے22مارچ تک پروگرام کی حصولیابیوں کا جائزہ لیا گیا۔

اس 15روزہ پروگرام میں دیہی علاقوں میں پانی کی فراہمی اور تحفظ وغیرہ کے حوالے سے جانکاری فراہم کی گئی۔ تقریب میں ضلع کے مختلف سرکاری محکموں کے افسران اور پنچایتی راج اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔

میلہ

گراؤنڈ میں آج سے فن فئیر میلہ من□قد ہو رہا ہے۔ میلے کی افتتاحی Exibition نمائش گاہ سرینگر تقریب میں ضلع ترقیاتی کمشنر سرینگر بطور چیف گیسٹ شرکت کریں گے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

......................................

.....................

...........